۳ (iii) کسب حلال کی فضیلت بیان کریں۔

کسبِ حلال کی فضیلت اور فوائد:

حلال کمائی اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہے

یہاں تک کہ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد بھی لوگوں کو رزقِ حلال کی تلاش کا حکم دیا ہے۔ اور اس رزق کی تلاش کو اپنا فضل ڈھونڈنا قرار دیا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔

فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ (سورۃ الجمعۃ: ۱۰)

ترجمہ: پھر جب نماز (جمعہ) ہو چکے تو اللہ کے فضل (رزقِ حلال) کی تلاش میں زمین میں پھیل جاؤ۔

نبی اکرمؐ نے حلال طریقے سے روزی کمانا ہر مسلمان پر فرض قرار دیا۔

نبی اکرمؐ نے کسب حلال کی فضیلت بیان کرتے ہوئے فرمایا:

"کوئی رسی لے کر پہاڑ پر چلا جائے اور لکڑی کا بوجھ اپنی پیٹھ پر لاد کر لے آئے اس کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ اسے روزی دے دے تو یہ اس کے لیے بہتر ہے۔ بجائے اس کے کہ وہ لوگوں کے آگے ہاتھ پھیلائے اور لوگوں کی مرضی کہ اسے دیں یا نہ دیں۔"